Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | منگل، 14 اکتوبر 2025ء، 20 ربیع الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 193

وزیراعلیٰ سے مرکز تبلیغی جماعت کے شوریٰ ارکان کی ملاقات

وزیراعلیٰ کا مرکز رائیونڈ کی دینی خدمات کو خراج تحسین، مریم نواز کا رائیونڈ اجتماع کیلئے تمام ممکنہ سہولتیں فراہم کرنے اور بہترین انتظامات کا حکم، رائیونڈ اجتماع کیلئے الیکٹریکل بس چلانے کا اعلان

تلوق خدا کی خدمت، خالق کائنات کی عبادت کے جذبے سے کرتی ہوں، دعا ہے اللہ تعالیٰ مزید عوام کی خدمت کی توفیق دے، مخالفین کی باتوں پر صبر کرتی ہوں لیکن بعض اوقات عوام کیلئے بولنا ضروری ہوتا ہے

خدمت کا جذبہ سچا ہے اللہ تعالیٰ نیت سے دسائل مہیا کر دیگا، مریم نواز شریف، سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے ہاتھ نہ پھیلانا قابل تحسین عمل، مریم نواز شریف نے دیکھا کہ اکابرین کیسے اخلاص سے کام کرتے ہیں، شہروں کو ایسا صاف کبھی نہیں دیکھا، اکابرین تبلیغی جماعت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مرکز تبلیغی جماعت کے شوریٰ ارکان ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مرکز تبلیغی جماعت کے شوریٰ ارکان نے ملاقات کی۔ ڈاکٹر نذیر احمد اشرف، مولانا امجد فاروق، مولانا محمد امیر، امتیاز احمد مجتبیٰ اور ارشد ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے رائیونڈ اجتماع کے لئے تمام ممکنہ سہولتیں فراہم کرنے اور بہترین انتظامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈی جی، سی سی پی او، ڈی آئی (بقیہ نمبر 27)

بی ڈی پی کا میگا پراجیکٹ تعمیراتی صنعت کے فروغ کا باعث بنے گا

متعدد شہروں میں بیک وقت سینکڑوں منصوبوں کے آغاز سے روزگار کے ہزاروں نئے مواقع پیدا ہوں گے

مکمل شدہ سکیموں کی باقاعدگی کے ساتھ دیکھ بھال کا میکانزم بھی بنایا جائے گا، ڈپٹی ان رقیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات و دیہات رقیق نے کہا ہے کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (بی ڈی پی) کا میگا پراجیکٹ تعمیراتی صنعت کو فروغ دینے کا باعث بنے گا، متعدد شہروں میں بیک وقت سینکڑوں منصوبوں کے آغاز سے روزگار کے (بقیہ نمبر 28)

پاک فوج کو خراج تحسین، پنجاب اسمبلی میں 2 قراردادیں جمع

پاک فوج نے جس پیشہ ورانہ مہارت، فہم وفطانت اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، مقرر

لاہور (این این آئی) افغان اشتعال انگیزی کے موثر اور پرپور جواب پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے کی 2 قراردادیں پنجاب اسمبلی میں جمع کرادی گئیں۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن صوبائی اسمبلی حنا پرویز بٹ کی (بقیہ نمبر 31)

معیار، اعتبار، اعتماد اور اقتصادی کامیابی کی بنیاد ہے

شہباز شریف

عالمی منڈیوں تک رسائی، برآمدات میں اضافہ اور پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کیلئے ضرورت ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معیار، اعتبار، اعتماد اور اقتصادی کامیابی کی بنیاد ہے، عالمی منڈیوں تک رسائی، برآمدات میں اضافہ اور پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کیلئے ضرورت (بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی ڈویژن کے تمام اضلاع میں دفعہ 144 نافذ

تمام ادارے باہمی تعاون سے امن وامان یقینی بنائینگے، خلاف ورزی پر سخت قانونی کارروائی کی جائیگی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ڈویژن کے تمام اضلاع میں دفعہ 144 نافذ ہے، راولپنڈی ڈویژن کے تمام اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ ترجمان صوبائی انتظامیہ کے مطابق دفعہ 144 کا نفاذ صوبائی حکومت (بقیہ نمبر 29)

غزہ امن معاہدے پر دستخط

غزہ امن منصوبہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کی جانب اہم قدم ہے، صدر ٹرمپ کی بدولت ہی جنوبی ایشیا میں امن ممکن ہوا اور خطے میں لاکھوں زندگیاں بچ گئیں، وزیراعظم

غزہ امن منصوبہ مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کی جانب اہم قدم ہے، وزیراعظم

شہباز شریف، ٹرمپ ملاقات، گرمجوشی سے مصافحہ، خوشگوار ماحول میں جملوں کا تبادلہ، صدر ٹرمپ حقیقت میں امن کے علم بردار ہیں، شہباز شریف کی ایک بار پھر نوبل انعام دینے کی درخواست

امریکا، مصر، ترکیہ کے صدور اور امیر قطر نے معاہدے پر دستخط کیے، وزیراعظم شہباز شریف کی شرکت، غزہ امن معاہدے سے مشرق وسطیٰ میں امن قائم ہوگا، تاریخی دن، غزہ امن معاہدہ بڑی کامیابی ہے، ٹرمپ

شہباز شریف کی شرم الشیخ میں متعدد عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں، غزہ میں جنگ بندی پر اطمینان کا اظہار، وزیراعظم کا ملاقاتوں میں فلسطین کے عوام کے ساتھ پاکستان کی جانب سے یکجہتی اور انکی سفارتی و اخلاقی مدد جاری رکھنے کا اعادہ

شرم الشیخ (این این آئی) مصر کے سیاحتی شہر شرم الشیخ میں غزہ امن معاہدے پر دستخط کر دیئے گئے، امریکا، مصر، ترکیہ کے صدور اور امیر قطر نے معاہدے پر دستخط کیے۔ وزیراعظم شہباز شریف، ٹرمپ امن معاہدے پر دستخطی تقریب میں شریک ہوئے۔ بین الاقوامی سربراہی اجلاس معاہدے پر دستخط کیے جانے کے بعد ہوا۔ بین الاقوامی سربراہی اجلاس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خطاب کرتے ہوئے قطر، ترکی اور مصری قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ امریکی صدر نے اپنی افتتاحی تقریر کے دوران قطر اور ترکی کے رہنماؤں کی تعریف کرتے ہوئے ان کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اپنے مصری ہم منصب کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں شاندار انسان اور عظیم جنرل قرار دیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ غزہ امن معاہدہ سے مشرق (بقیہ نمبر 40)

شرم الشیخ: وزیراعظم محمد شہباز شریف غزہ میڈیا فرینڈلی پریس سنٹر میں شرکت کے لیے پہنچ گئے۔ ان کے آمد پر مصر کے نوجوان اور کھیل کے وزیر ڈاکٹر اشرف سوبی نے ان کا استقبال کیا

شرم الشیخ: وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فلسطین کے صدر محمود عباس اور عرین کے بادشاہ شیخ حمدین عیسیٰ الظہیر سے شرم الشیخ سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات کی

وزیراعظم امریکی اور مصری صدور کی خصوصی دعوت پر شرم الشیخ پہنچ گئے

شرم الشیخ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور مصری صدر عبدالفتاح السیسی کی خصوصی دعوت پر شرم الشیخ پہنچ گئے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 33)

پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت بکنگ میں پانچ دن باقی رہ گئے

پرائیویٹ حج کی بکنگ 17 اکتوبر رات بارہ بجے بند کر دی جائے گی، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت بکنگ میں پانچ دن باقی رہ گئے ہیں۔ پرائیویٹ حج اسکیم 2026 کے تحت اب تک 44 ہزار عازمین (بقیہ نمبر 32)

بکنگ 17 اکتوبر رات بارہ بجے بند کر دی جائے گی، ترجمان مذہبی امور کے مطابق پرائیویٹ حج کی (بقیہ نمبر 32)

قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے ہر وقت تیار رہنا چاہئے، مریم نواز

قدرتی آفات کو روکا تو نہیں جاسکتا البتہ ٹیکنالوجی، انشرکار، پیشگی تیاری سے تباہ کن اثرات سے بچاؤ ممکن ہے

عوام کو سیلاب، زلزلے اور دیگر قدرتی آفات سے بچانے کے لیے حکومت پنجاب کے تمام ادارے متحرک اور سرگرم عمل ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ زندگی کی بقا کے لیے قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے تمام اداروں کو ہر وقت تیار رہنا چاہئے۔ قدرتی آفات سے آگاہی اور بچاؤ کے عالمی دن پر خصوصی پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر وقت تیاری سے قدرتی آفات سے انسانی جان، مال اور ماحول کو پہنچنے والے نقصان سے بچایا جاسکتا ہے، قدرتی آفات کو روکا تو نہیں جاسکتا البتہ (بقیہ نمبر 7)

کے پی کا نیا وزیراعلیٰ پرچی نہیں فرشی ہے، عظمیٰ بخاری

گنڈاپور کی وزارت اعلیٰ دو گھریلو خواتین کی لڑائی کی نذر ہوگئی، عثمان بزدار کو بیگم کے کہنے پر لگایا گیا، گنڈاپور کو بابا کے کہنے پہ بنایا گیا

ہر قربانی منصوبے میں جنوبی پنجاب کا بار بار حصہ ہوتا ہے، مریم نواز کے نزدیک کوئی سطحی یا جنوبی پنجاب نہیں، صرف ایک پنجاب ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ گنڈاپور کی وزارت اعلیٰ بنا پورا پنجاب ہی پنجاب ہے، جنوبی پنجاب کے کہنے پر بنایا گیا، جنوبی پنجاب کی سیاسی حقیقت کو بے نقاب کرتا ہے، کے پی میں بلکہ فرشی ہے جو سمارٹ کر کے وزیر اعلیٰ بنا دیا، عثمان بزدار کو بیگم کے کہنے پر لگایا گیا جبکہ گنڈاپور کی روانی سست روی کا شکار ہے، ٹریفک پولیس کی مدد سے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ (بقیہ نمبر 5)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

اسلام آباد میں کسی بھی مقام پر راستے بند نہیں کیے گئے، ضلعی انتظامیہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ اسلام آباد میں کسی بھی مقام پر راستے بند نہیں کیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق چند مقامات پر کنٹینروں کی وجہ سے ٹریفک کی روانی سست رہی کا شکار ہے، ٹریفک پولیس کی مدد سے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ (بقیہ نمبر 5)

افغانستان بھارت کا سہولت کار بنا ہوا ہے، ظہیر اقبال چٹر

پاک فوج نے افغانستان کی بلا اشتعال فائرنگ کا کرارا جواب دیا ہے، ڈپٹی سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) ڈپٹی سپیکر ظہیر اقبال چٹر نے کہا ہے کہ افغانستان عرصہ دراز سے پاکستان میں مداخلت کر رہا ہے، افغانستان بھارت کا سہولت کار بنا ہوا ہے (بقیہ نمبر 48)

لاہور: چیئرمین بورڈ آف گورنرز جاوید اسلم، قائداعظم لائبریری میں پنجاب لائبریری فاؤنڈیشن بورڈ آف گورنرز کے 71 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر سے آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی الوداعی ملاقات

صدر مملکت نے بطور ہائی کمشنر اپنی مدت تعیناتی میں پاکستان اور آسٹریلیا کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا

پاکستان اور آسٹریلیا نے مشترکہ مفادات اور باہمی احترام کی بنیاد پر طویل عرصے سے دوستانہ اور تعاون پر مبنی تعلقات سے استفادہ کیا ہے

اسلام آباد (محمد فیصل نوید ی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے آسٹریلیا کے سبکدوش ہونے والے ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے ایوان صدر میں الوداعی ملاقات کی۔ صدر مملکت نے بطور ہائی کمشنر اپنی مدت تعیناتی میں پاکستان اور آسٹریلیا کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ ہائی کمشنر کی خدمات سے دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، معاشی اور دفاعی شعبوں میں تعاون کو فروغ ملا ہے جبکہ عوام کے درمیان رابطوں کو گہرا کرنے (بقیہ نمبر 4)

پہلی بار اینٹوں کے بھٹوں کی ماحولیاتی کمپائنس رپورٹ جاری

زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقلی سے بھٹوں کے دھوئیں میں فضائی آلودگی 70 فیصد کم ہوگئی

لاہور (این این آئی) محکمہ ماحولیات پنجاب نے مؤثر پیس پہلی مرتبہ ماحولیاتی کمپائنس رپورٹ جاری کر دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 9)

پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کی دوستی سدا بہار ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کی دوستی سدا بہار ہے، سکیورٹی، تجارت، تعلیم، ٹیکنالوجی اور ثقافت کے میدانوں میں تعاون سے اخوت سے اسلام آباد اور باکو کا اتحاد، احترام، اشتراک گہرا مضبوط پل تعمیر کرتے ہیں۔ ان (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سبکدوش ہونے والے آسٹریلوی ہائی کمشنر مسٹر نیل ہاکنز کے ساتھ، جنہوں نے ایوان صدر میں الوداعی ملاقات کی

سموگ اور فضائی آلودگی میں کمی کیلئے ماحولیاتی تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے

ٹرانسپورٹ سیکٹر میں فضائی آلودگی کو کنٹرول کرنے کیلئے گاڑیوں کے کاربن اخراج کے ٹیسٹ کیے جا رہے ہیں

گاڑیوں کے کاربن کے اخراج کے ٹیسٹ کیلئے اسلام آباد میں مزید چیک پوائنٹس قائم کیے جائیں، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین نیشنل پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (پاک ای پی اے) ناز دیہ فلی نے چیئرمین سی ڈی اے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا اور ڈائریکٹر جنرل ہیڈ کوارٹرز میں اسلام آباد میں سموگ کے تدارک و ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے مشترکہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ممبر بلاگ ڈاکٹر خالد حنیف، ممبر (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 ملزمان کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔

12 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنیوالا دکاندار گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے 12 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والا دکاندار گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے دکاندار کو گرفتار کر لیا۔

چیئرمین ٹی ایل پی مارچ کیخلاف پولیس آپریشن مکمل، ایس ایچ او شہید

سکیورٹی اداروں نے آپریشن کرتے ہوئے تمام کارکنان کو منتشر کر دیا

لاہور (این این آئی) مریدکے میں پولیس نے فائرنگ سے ایس ایچ او ایکبری ایبا شہزاد شہید ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سکیورٹی اداروں نے (بقیہ نمبر 2)

اسے ایس پی سید دانیال حسن کی قیادت میں سرکل پولیس کا فلیگ مارچ

گوجر خان (قمر شہزاد) مذہبی جماعت کے لانگ مارچ کے پیش نظر موجودہ کشیدہ صورتحال کے تناظر میں اسے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں سرکل (بقیہ نمبر 3)

امن وامان میں خلل ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، سید دانیال حسن

گوجر خان (قمر شہزاد) مذہبی جماعت کے لانگ مارچ کے پیش نظر موجودہ کشیدہ صورتحال کے تناظر میں اسے ایس پی گوجر خان سید دانیال حسن کی قیادت میں سرکل (بقیہ نمبر 3)

امید سے ایک دن افغان عوام کو آزادی ملے گی، دفتر خارجہ

کسی بھی اشتعال انگیزی کا ڈٹ کر مقابلہ کریگے، دونوں برادر ممالک کے درمیان پرامن ہمسائیگی اور باہمی تعاون کی روح کے منافی ہیں

بے بنیاد الزامات سے طالبان حکومت خود کو طاقتور ثابت کرنا چاہتی ہے، پاکستان کیلئے اپنی ذمہ داریوں سے بری نہیں کر سکتی، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے افغان طالبان، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی جانب سے پاک افغان سرحد پر بلا اشتعال جارحیت پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی مزید اشتعال انگیزی کا ڈٹ کر اور مؤثر جواب دیا جائے گا، طالبان حکومت کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ اس کی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ دفتر خارجہ کی جانب (بقیہ نمبر 5)

ٹی ایل پی کے 4 کارکنان کی رہائی کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) ٹی ایل پی کے 4 کارکنان کی رہائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹی ایل پی کے 4 کارکنان کو رہا کیا جائے۔ ٹی ایل پی کے 4 کارکنان کو رہا کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 2)

حکومت کا صوبہ بھر کے تھیٹر ہالز پر دوبارہ گرینڈ آپریشن کا فیصلہ

20 سے زائد اداکاروں کی کڑی مانیٹرنگ کے بعد آپریشن کا فیصلہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر کے تھیٹر ہالز میں دوبارہ گرینڈ آپریشن کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ مانیٹرنگ کے بعد آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کو پنجاب بھر کے تھیٹرز میں 20 سے زائد اداکاروں کی کڑی مانیٹرنگ کے بعد آپریشن کا فیصلہ کیا گیا۔ تھیٹرز کی رپورٹ (بقیہ نمبر 7)

گوشوارے جمع کرانے کی توسیع شدہ مدت کل ختم ہوگی

ایف بی آر کے سسٹم میں تکنیکی خرابیوں کی وجہ سے مشکلات برقرار

لاہور (این این آئی) گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع بعد مقررہ مدت کل (بدھ) کو ختم ہو جائے گی۔ مالی سال 2024-25 کے ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کے حوالے سے سسٹم کے فریز ہونے، ڈیٹا انٹری نہ ہونے، آئرس پورٹل پر پروراڈ اے ایف اسٹیٹس، آئرس پورٹل پر فائنگ کے دوران شناختی کارڈ اور ویری فکیشن (بقیہ نمبر 5)

افغان سرحد پر پاک فوج نے جرات اور بہادری کی شاندار مثال قائم کی، گوہر اعجاز

لاہور (این این آئی) سابق گورنر وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے کہا کہ پاک افغان سرحد پر پاک فوج نے جرات و بہادری کی شاندار مثال قائم کی۔ سابق گورنر وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے ایکس پر پاک فوج کو خراج (بقیہ نمبر 2)

سہ فریقی اسپیکرز اجلاس مشترکہ اعلامیہ جاری

تینوں ممالک کی پارلیمانوں کے اسپیکرز کا تیسرا سہ فریقی اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

اجلاس میں اسلامی جمہوریہ پاکستان، جمہوریہ آذربائیجان اور جمہوریہ ترکیہ کے اسپیکرز نے شرکت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد میں قومی اسمبلی کی میزبانی میں منعقدہ تیسری سہ فریقی اجلاس کے اختتامی سیشن میں اسلام آباد ڈیکلریشن کے نام سے مشترکہ اعلامیہ کی منظوری دی گئی۔ پاکستان کی قومی اسمبلی، جمہوریہ آذربائیجان کی ملی مجلس اور جمہوریہ ترکیہ کی گرینڈ نیشنل اسمبلی کے اسپیکرز نے اجلاس میں شرکت کی۔ 2021 میں باکو میں منعقدہ پہلی دو سہ فریقی اجلاسوں کے (بقیہ نمبر 4)

درمیان موجود مشترکہ تاریخی، ثقافتی اقدار پر مبنی رشتوں کا اعتراف کیا گیا۔ 2022 میں استنبول میں منعقدہ پچھلی دو سہ فریقی اجلاسوں کے (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، پنجاب قومی اسمبلی سردار ایاز صادق تیسرے سہ فریقی اسپیکرز ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ترکیہ کی گرینڈ نیشنل اسمبلی کے اسپیکر نہان کرتولموش اور آذربائیجان کی ملی مجلس کی اسپیکر محترمہ صاحبہ غفاروا بھی اجلاس میں موجود ہیں

محکمہ تعلیمات بلوچستان کا 2 ہزار 500 اساتذہ کو مستقل کرنے کا فیصلہ

محکمہ تعلیمات بلوچستان نے 2 ہزار 500 اساتذہ کو مستقل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ تعلیمات بلوچستان نے 2 ہزار 500 اساتذہ کو مستقل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا گرینڈ صفائی آپریشن

3 ہزار ٹن سے زائد کوڑا اٹھا کر شہر کو زیرو ویسٹ کر دیا، شہریوں کا راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو خراج تحسین پیش

سی ای او رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر مینجیر فلیٹ تو قیر خان نے فلیٹ کو فعال رکھتے ہوئے آپریشن کی نگرانی کی

راولپنڈی (این ای ای این) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے سی ای او رانا ساجد صفدر کی ہدایت پر کمپنی روزہ راستوں کی بندش ختم ہونے کے فوراً بعد شہر میں بڑے پیمانے پر خصوصی صفائی آپریشن مکمل کرتے ہوئے 3 ہزار ٹن سے زائد کوڑا کرکٹ اٹھا کر شہر کو زیرو ویسٹ بنا دیا۔ منیجر فلیٹ تو قیر خان نے فلیٹ کو مکمل طور پر فعال کرتے ہوئے آپریشن کی براہ (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی، کمپنی ان کی بندش کے بعد راستے کھلتے ہی راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ورکرز شہر کو زیرو ویسٹ کرنے میں مصروف عمل ہیں

اسرائیل کی بدنیتی پر خدشات موجود ہیں، ملیحہ لودھی

ایمانہ ہوا اسرائیل پر غزہ امن پر حملہ کر دے، مجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق سفیر ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ آج خوبصورت دن ہے کہ اسرائیل کی بدنیتی پر خدشات موجود ہیں، ایمانہ ہو اسرائیل پر غزہ امن پر حملہ کر دے، انہوں نے کہا کہ یہ اہم دن ہے، انہوں نے کہا کہ یہ اہم خدشات ہے۔ اس (بقیہ نمبر 8)

جنتے بنانا اور عوام کو یرغمال بنانا توہین مذہب ہے، خواجہ آصف

2 سال غزہ میں ظلم اور خون کی ہولی کھیلی گئی، کسی کو احتجاج یاد نہ آیا، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ملک میں مذہب کے نام پر جتھے بنانے اور سرکار بند کر کے عوام کو یرغمال بنانے کے عمل کو توہین قرار دے دیا ہے کہ یہ 2 سال غزہ میں ظلم اور خون کی ہولی کھیلی گئی، کسی کو احتجاج یاد نہ آیا (بقیہ نمبر 5)

بچوں کو پولیو سے بچانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عائشہ رضا

پاکستان میں گزشتہ سال کے مقابلے میں وائرس کی موجودگی میں مجموعی طور پر کمی آئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروقی نے کہا کہ پاکستان میں گزشتہ سال کے مقابلے میں وائرس کی موجودگی (بقیہ نمبر 6)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC CERTIFIED
ایڈیٹر انچیف: فیصل بیگ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ڈیجیٹل اکانومی کے دعوے اور زمینی حقائق

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو تیز کرنے اور ڈیجیٹل معیشت کے دائرۂ کار کو وسعت دینے کے لیے کئی فیصلے کیے گئے۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کہا کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے ڈیجیٹل معیشت کا نفاذ ملک کو ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچا سکتا ہے۔ حکومت آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دے رہی ہے تاکہ معیشت کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے۔ انھوں نے واضح کیا کہ مصنوعی ذہانت کو معاشی ترقی، صنعتی پیداوار میں اضافے، سرکاری نظام میں شفافیت اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ یہ حقیقت ہے کہ آج دنیا بھر کے ممالک مصنوعی ذہانت سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ میعشتوں کو ڈیجیٹل بنا کر شفافیت میں اضافہ اور بدعنوانی میں کمی لائی جا رہی ہے۔ دنیا تیزی سے ایک نئے، مؤثر اور آسان اقتصادی نظام کی جانب بڑھ رہی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان واقعی اس تبدیلی کے لیے تیار ہے؟ محض یہ اعلان کر دینا کہ 'ہم ڈیجیٹل معیشت کی طرف جا رہے ہیں' کافی نہیں۔ عملی طور پر اس کے لیے درکار تیاری، بنیادی ڈھانچا اور پالیسی استحکام نہ ہونے کے برابر ہیں۔ پاکستان میں انٹرنیٹ سروسز کا حال شہری علاقوں میں بھی تسلی بخش نہیں تو پھر دیہات اور چھوٹے شہروں میں یہ نظام کس طرح کامیاب ہو سکتا ہے؟ انٹرنیٹ کے بغیر اے آئی میں پیش رفت پر سوچا بھی نہیں جا سکتا۔ جب بھی الیکشن، قومی ایام، مذہبی تہوار ہوتے ہیں یا کسی سیاسی جماعت کے مظاہرے کا وقت آتا ہے تو انٹرنیٹ سروسز معطل کر دی جاتی ہیں۔ ایسے اقدامات براہِ راست ڈیجیٹل معیشت کے بنیادی ڈھانچے کو متاثر کرتے ہیں۔ اسی طرح کئی ہوٹل اور پٹرول پمپ ڈیجیٹل ادائیگی پر اضافی رقم وصول کرتے ہیں۔ طاہر ہے، کوئی صارف بلاوجہ زیادہ ادائیگی نہیں کرنا چاہے گا۔ یہ طرز عمل ڈیجیٹل ادائیگی کے فروغ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ دنیا جہاں سکس جی اور سیون جی ٹیکنالوجی کی تیاری میں مصروف ہے، وہاں پاکستان میں تھری جی اور فور جی بھی اکثر غیر مستحکم رہتے ہیں۔ اس ماحول میں 'ڈیجیٹل معیشت' کا خواب حقیقت سے زیادہ ایک خواہش محسوس ہوتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومت یہ سمجھے کہ عوام ڈیجیٹل معیشت کا حصہ کیوں نہیں بن پا رہے اور ان مسائل کو حقیقت پسندانہ منصوبہ بندی اور مقررہ مدت کے اندر حل کرے۔ بڑی رکاوٹ بیوروکریسی اور پیچیدہ نظام بھی ہے۔ جب عام شہری کی بنیادی ڈیجیٹل سروسز تک رسائی ہی آسان نہ ہو تو پھر 'ڈیجیٹل معیشت کی باتیں خوابوں سے زیادہ کچھ نہیں۔ ڈیجیٹل اکانومی کے حوالے سے حکومت زمینی حقائق مدنظر رکھ کے فیصلے کرے۔

خاموشی، ضابطہ اور قلم کا فرض"



سیدہ نزہت ایوب کاظمی
شعبہ: اسلام آباد

میں آج اپنے محترم قارئین کی خدمت میں خاص کالم لے کر حاضر ہوئی ہوں۔

مگر کالم کی طرف بڑھنے سے پہلے اپنے قارئین کے سامنے کھولوں گی باتیں۔

یہ آج سے 17 سال پہلے کی بات ہے جب میں پہلی بار اپنے گاؤں سے نہایت قابل احترام "محترم خالد شریف صاحب" کو ملنے کے لیے لاہور گئی۔ مجھے سر سے اپنی تحریروں کی نوک پلک سنوارنے کے لیے رہنمائی چاہیے تھی۔

میں محترم کے علمی سفر سے کچھ نایاب علم کے موتی اپنی جھولی میں بھر نا چاہتی تھی۔

آپ نے بہت سی علمی باتوں سے نوازا۔

میری تحریروں پر اپنی قیمتی آرا بھی دیں۔

اور کیا آپ کیس بک بنائیے۔

میں نے پہلی بار کیس بک کا ذکر آپ ہی کی زبان سے سنا تھا۔ حیران ہوئی کہ سر یہ کیس بک کیا ہوتی ہے۔ آپ نے تفصیل بتائی۔

میں نے آپ سے کہا، اس کے لئے تو مجھے کمپیوٹر کورس کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا بابا بالکل کورس کرنا پڑے گا۔

لاہور واپسی پر میں ایک جنرل مرچنٹ میں بیٹھا تھی تھی، گو کہ یہ مشکل تھا مگر ناممکن نہیں تھا۔ ناممکن اس لئے نہیں تھا کہ اب ہمارے گاؤں میں بھی ایک پرائیویٹ کمپیوٹر اکیڈمی کھل چکی تھی، مشکل اس لئے تھا، کمپیوٹر سکھانے والے ایک مرد استاد تھے۔

اور جس بندی نے اپنی پڑھائی کا آغاز نیون ساتھی سے چوری، پورے خاندان کی مخالفت سہہ کر کیا ہو تبھی کر لو بھی بھی، جنہوں نے اپنے بھائی کی بھوبتا کے وقت وعدہ کیا تھا کہ

بیٹا شادی کے بعد تم جتنا چاہے تعلیم حاصل کر لینا۔۔۔۔۔۔

سو کمپیوٹر اکیڈمی میں داخلہ لینا، اس کے لئے کسی پہاڑ کر سرکرنے کے مترادف تھا۔۔۔۔۔

میرے محترم قاری کمپیوٹر میں داخلے کی داستان کو چھوڑتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔۔۔۔

بے شک آپ نے میری مکمل رہنمائی فرمائی۔ میرا یہ ایمان ہے، رب یکتا کیسے والوں کو بہترین راہوں سے نوازتا ہے اور اس نے مجھے بھی نوازا۔۔۔۔

یہاں محترم خالد شریف کے بارے میں کچھ بیان کرنا چاہتی ہوں۔۔۔۔ایک کھلاڑی ہونے کی حیثیت سے یہ ان کا حق ہے، ان کی محبت میں دو بول کہہ جائیں۔

میں ساتویں جماعت کی طالبہ تھی جب پہلی بار آپ کا نام اپنے ابو جی کی زبان سے سنا۔۔۔۔۔ابو جی کے خوشی کا عالم عجیب تھا۔ یقینی ابو جی کے چہرے پر ایک ہی وقت میں جوش، خیرا گی اور سرشاری کا حسین امتزاج تھا۔

کسی ضروری کام کے سلسلے میں ابو جی لاہور گئے تو ہمارے۔ ہمارے گاؤں کو آنے والی ریل گاڑی اپنے مقررہ وقت سے کچھ دیر سے ریلوے اسٹیشن پہنچ رہی تھی۔ ابو جی نے موقع غنیمت جانا اور طالبہ کی غرض سے کچھ کتابیں خریدنے اردو بازار پہنچے۔

اتفاق سے سب سے پہلے ہاتھوں نے جس کتاب کو چھوا وہ ایک شعر و شاعری پر مبنی کتاب تھی۔ ابو جی نے شاعر کا نام دیکھا تو چونکے "خالد شریف"

سب سے پہلا سوال ذہن نے کیا۔" کیا خالد شریف شاعر بن گیا؟ ہاکم کلب کی نوکری چھوڑ کر شاعری اور کتابیں بیشل کرنے لگے؟؟"

سطحیت کا ایک خواصورت کی مسکراہٹ ابو جی کے لبوں کو چھو گئی۔۔۔۔۔کچھ پرانی یادیں آنکھوں کے سامنے آ دوڑیں ہوں، بظاہر تو ابو جی شاعر "خالد شریف " کی کتاب کے اوراق پلٹ رہے تھے مگر حقیقت میں وہ ماضی کو یاد کر رہے تھے۔

تحریر.....شبیر حسین آزاد

افغانستان اس وقت شدید مشکلات میں گھرا ہوا ہے۔ جنگ ختم ہونے کے باوجود افغانستان کے امن و استحکام کا پھیلا ہوا ہے۔ ڈرپ کی طرف سے بھی کام اور ایئر پس کو کنٹرول کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے اور اوٹرمپ کا یہ اعلان افغانستان کے لیے تشویش ناک ہے۔ افغانستان دوسری قسم کے مسائل میں پھنسا ہوا ہے اور افغان تیوارت کے لیے بہتر یہ تھا کہ مسائل کو حل کرنے کی طرف توجہ دیتی لیکن پاکستان میں انتشار پھیلانے کی طرف توجہ دے رہی ہے۔ حالی ہی میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان تازہ شدت اختیار کر جا رہا ہے۔ افغانستان کی طرف سے اعلان کیا گیا ہے کہ افغانستان کی زمین جو ترکی اور قطر کے سفارت کاروں کی طرف توجہ دے رہی ہے۔ حالی ہی میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان تنازع

بقیہ 1

شیخ جابر ہے، فیگ مارچ میں ایس ایس ایم الیکشن، بیف ٹریک آفیسر، ڈیوٹل ایس ایم ایس ہی اور ایس ایچ او تھانہ سیٹ دیگر افسران نے شرکت کی، فیگ مارچ کا مقصد امن کا امن کے قیام کے لیے راولپنڈی پولیس کے عزم کا اظہار ہے، راولپنڈی پولیس نے دفعہ 144 نافذ کی ہے، جس کی بنیاد پر کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں دی جاتی، شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ امن برقرار رکھنے میں پولیس کا بھرپور تعاون کریں، شہریوں کو اپنی حفاظت کے لیے راولپنڈی پولیس کی ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دینے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ فوری کارروائی ممکن ہو سکے۔

بقیہ 2

حفاظت کیلئے خلل الرٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق کسی شہری کو پرامن اجازت نہیں دی جاتی کہ اسے قانون ہاتھ میں لے کر شہریوں کیلئے ایذا کا سبب بنے، اگر کوئی قانون ہاتھ میں لیتے کی کوشش بھی کرے گا تو اس کے ساتھ سختی سے اور اپنی ہاتھوں کے نشانے لے گا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا کہ اسلام آباد پولیس عوام کی حفاظت کیلئے ہر طرح کے اقدامات کر رہی ہے اور شہریوں کو آسانیاں فراہم کرنے کیلئے مصروف عمل ہے، ترجمان نے شہریوں سے گذارش کی ہے کہ وہ بھی اس معاملہ کے متعلق پالیسی کا مثبت طریقہ اختیار کریں۔

بقیہ 3

پیش کیں محرمین کی موقوف مشاورتی فرم سے، ایمیلین پاکستان کی معاونت سے ملک بھر میں 6,600 کی ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے اور ایمیلین پاکستان کا صحت کی سہولیات، روزگار اور حقانی معیشت کی منصوبہ بندی میں اہم کردار سامنے آرہا ہے۔

بقیہ 4

کو مت کا رکاوٹ دیے گئے۔ ملک سیف اٹھاوٹ کھوکھر نے ضلع کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او جاہل جابر مرحوم ڈاکٹر فیت کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ آج جابر دور سے صوبوں سے بہتر ہے گلیل پاکستان ہے، ان شاءاللہ ضلع کے سلسلہ پورے جابر جب پکیا پایا جاتا کہ تاکہ مرید کی کا سم کی ڈی پی (ن) کے تاحیات نواز شریف کی ڈی پی محمد لاہور کے ذریعہ ہمارا جابر ہے، ہمارا مقصد عوام کی خدمت اور کرو ذلیل کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ مرید کی ڈی پی تحقیق کے دائے اپنی کارکردگی سے مقابلہ کریں گے اور ہمارا مقصد ہوگی، خدمت سے عوام کے دل جیتنے جا رہے ہیں۔

بقیہ 5

بنگ کریں گے اور جیتیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی پی او نے انتظامی دیا ہے، کورٹ کی جانب سے ڈی پی او کے ساتھ تعاون کیا جا رہا ہے، ڈی پی او جاہل علی امین نے خود کہا کہ ہمارے انتظامی کو کوئی اعتراض ہوگا تو وہ عدالت آسکتی ہے، انہوں نے کہا کہ آئین اکمل واقعہ ہے، اکمل کورٹ ڈی پی او جاہل کے ساتھ تعاون کیا جا رہا ہے، ڈی پی او جاہل کے سلسلے میں کورٹ کے ساتھ تعاون کیا جا رہا ہے، ڈی پی او جاہل

راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں فلیگ مارچ

راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ، کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں دی جائیگی، سی پی او سید خالد ہمدانی

قانون کی خلاف ورزی یا شرپسندی میں ملوث افراد سے گنتی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، شرپسند سرگرمی کا حصہ نہ بنیں

راولپنڈی (این ایس این) سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ راولپنڈی میں دفعہ 144 نافذ ہے، کسی بھی غیر قانونی اجتماع کی اجازت نہیں دی جائے گی، قانون کی خلاف ورزی یا شرپسندی میں ملوث افراد سے گنتی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، شرپسندی کو بھی غیر قانونی یا شرپسند سرگرمی کا حصہ نہ بنیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا عوام میں فلیگ مارچ، فلیگ مارچ پولیس ہیڈ کوارٹرز سے شروع ہو کر کچہری چوک، مریڑ چوک، مٹھی آباد، مال روڈ، کامرہ مارکیٹ، ہوم وہائی موڑ، گلیلہ اور دیگر علاقوں (بقیہ نمبر 1)

آئی جی کی ہدایت پر اسلام آباد پولیس کا فلیگ مارچ

فلیگ مارچ کا مقصد شہر میں امن وامان کے قیام کو یقینی بنانا ہے، ترجمان

اسلام آباد (این ایس این) آئی جی اسلام آباد سید علی مرتضیٰ کی ہدایت پر اسلام آباد پولیس کی جانب سے فلیگ مارچ کیا گیا، فلیگ مارچ ڈی آئی جی اسلام آباد کی قیادت میں شہر کے مختلف علاقوں میں کیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق فلیگ مارچ کا مقصد شہر میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانا ہے۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کی (بقیہ نمبر 2)

لاہور: پریس کلب کے سامنے سڑک کو کنٹینر لگا کر بلاک کے لئے بند رکھا گیا ہے

اسٹریٹ کرائم اور چوری میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

2 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم 16 ہزار 200 برآمد، مزید تفتیش جاری

راولپنڈی (این ایس این) آر اے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل و رقم 16 ہزار 200 روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق آر اے بازار پولیس کے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔

سیف الملوک کھوکھر نے خصوصی افراد میں ہمت کارڈز تقسیم کیے

تقریب کا اہتمام سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے تعاون سے کیا گیا

لاہور (این ایس این) کھوکھر پیلس لاہور میں حلقہ این اے 126 کے خصوصی افراد میں "ہمت کارڈز" کی تقسیم کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی صدر مسلم لیگ (ن) لاہور تھے۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے تعاون سے حلقے کے 157 خصوصی افراد کی رجسٹریشن عمل میں آئی جا چکی ہے جبکہ 12 افراد (بقیہ نمبر 4)

لاہور: وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر سپورٹس کے تعمیراتی منصوبوں کے حوالے سے جمخانہ کی اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ہم آئینی اور سیاسی جنگ کریں گے اور جیتیں گے، جنید اکبر

وزیراعلیٰ علی امین نے خود کہا ہے استعفیٰ دیا ہے، اپوزیشن کو کوئی اعتراض ہو تو وہ عدالت اسکتی ہے، وزیراعلیٰ نے استعفیٰ دیا ہے

وزیراعلیٰ جب استعفیٰ دیتا ہے تو وہ مستعفی ہو جاتا ہے، آئین میں یہ کہیں نہیں لکھا کہ گورنر استعفیٰ منظور کرے گا تو وزیراعلیٰ منتظر ہوگا، علی ظفر

پشاور (این ایس این) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما جنید اکبر نے کہا ہے کہ ہم آئینی اور سیاسی جنگ کریں گے اور جیتیں گے، وزیراعلیٰ نے استعفیٰ دیا ہے، وزیراعلیٰ علی امین نے خود کہا ہے استعفیٰ دیا ہے، اپوزیشن کو کوئی اعتراض ہو تو وہ عدالت اسکتی ہے، وزیراعلیٰ جب استعفیٰ دیتا ہے تو وہ مستعفی ہو جاتا ہے، آئین میں یہ کہیں نہیں لکھا کہ گورنر استعفیٰ منظور کرے گا تو وزیراعلیٰ منتظر ہوگا، علی ظفر ایڈووکیٹ نے کہا کہ گورنر کی استعفیٰ واپس کرنے کی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے سوہائی صدر جنید اکبر نے پشاور ہائیکورٹ کے باہر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قانونی ہم تیار بیٹھی ہے، ہماری ساتھ مشاورت بھی ہوئی، ہم آئینی راستہ اختیار کر رہے ہیں، آئینی اور سیاسی (بقیہ نمبر 5)

سی سی ڈی کا مبینہ پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو ہلاک

موٹر سائیکل سواروں نے رکنے کے اشارہ پر فائرنگ کر دی، گلفام ہلاک

لاہور (این ایس این) لاہور کے علاقے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے سینئر پولیس مقابلے کے دوران ایک ڈاکو ہلاک ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے ڈاکو کی شناخت گلفام کے نام سے ہوئی ہے جو اپنے ساتھی کے ساتھ موٹر سائیکل سواروں نے رکنے کے اشارہ پر فائرنگ کر دی، ذرائع کے مطابق تمام کنفیشر کے حصول کیلئے ٹیسٹ رپورٹ آن لائن تصدیق لازمی قرار دی گئی ہے

بجلی کا نیا کنکشن حاصل کرنے والوں کے لیے شرائط مزید سخت

تمام کنکشنز کے حصول کیلئے ٹیسٹ رپورٹ کی آن لائن تصدیق لازمی قرار دی گئی

لاہور (این ایس این) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے بجلی کا نیا کنکشن حاصل کرنے والوں کے لیے مزید سخت شرائط نافذ کر دیں۔ ذرائع کے مطابق تمام کنفیشر کے حصول کیلئے ٹیسٹ رپورٹ کی آن لائن تصدیق لازمی قرار دی گئی ہے

جعلی حکومت بنانے کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، بیرسٹر سیف

کے پی میں بھی جمہوریت کو دفن کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے، بیان

پشاور (این ایس این) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ جمہوریت کو اپنی بھی حکومت بنانے کا خواب بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ وزیراعلیٰ کا انتخاب ایک جمہوری تصور ہوگا، کے پی میں بھی جمہوریت کو دفن کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی (بقیہ نمبر 9)

دہشت گردی کے خلاف کسی سمجھوتے کی گنجائش نہیں

پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کا سہ فریقی تعاون منفرد اور سٹریٹجک شراکت داری کی مثال ہے، سردار ایاز صادق

مشترکہ کوششیں خطے میں ترقی و خوشحالی کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی، سہ فریقی سپیکرز اجلاس سے سپیکر قومی اسمبلی کا خطاب

تینوں ممالک کی پارلیمانوں کے درمیان وفود کے تبادلے اور مستقل اجلاس وقت کی ضرورت ہیں، سپیکر ترکیہ اسمبلی

پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کی دوستی سدا بہار ہے، تینوں ممالک نے ہمیشہ ایک دوسرے کے وقار اور خودمختاری کے احترام کو مقدم رکھا ہے، یوسف رضا گیلانی

وفاقی وزیر منصوبہ بندی ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کی تقریب کے دوران پورٹریٹ پیش کیا جارہا ہے

اسلام آباد (این ایس این) پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان نے کہا ہے کہ تینوں ممالک کے درمیان دوستی اور بھائی چارے پر مبنی، امن و پارلیمانی تعاون کے فروغ سے پائیدار امن کے قیام، علاقائی سلامتی اور استحکام کے لیے مشترکہ کوششیں خطے میں ترقی و خوشحالی کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی، تینوں ممالک کو دفاعی شعبے میں تعاون کو فروغ دینا چاہیے، سہ فریقی اجلاس میں تعمیر میں بھارتی مظالم اور پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کے حوالے سے پاکستان کے موقف کی بھرپور تائید کی گئی۔ ان خیالات کا اظہار سپیکر کو پارلیمنٹ ہاؤس میں قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے زیر اہتمام سہ فریقی سپیکرز اجلاس کے اختتامی اجلاس سے (بقیہ نمبر 10)

لاہور: ڈپٹی سپیکر شہزاد اقبال چیز پنجاب اسمبلی کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کندھ کوٹ، جرائم پیشہ شخص نے جرم سے توبہ کر لی

خان باجکانی کے رہائشی مرتضیٰ باجکانی نے جرائم کی زندگی کو خیرباد کہہ دیا

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ تحصیل تنگوانی میں جرائم پیشہ شخص نے جرم کی دنیا چھوڑ کر پولیس کے سامنے خودسپردگی کر دی، کندھ کوٹ کے رہائشی مرتضیٰ باجکانی نے جرائم کی زندگی کو خیرباد کہہ کر تنگوانی پولیس کے سامنے خودسپردگی کر دی۔ اس موقع پر "فضا" پاک فوج زندہ باد "اور "شہید طیب رمضان امر رہے (بقیہ نمبر 2)

پاک فوج کے بہادر جوان شہید طیب رمضان کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے

شہید طیب رمضان کی نماز جنازہ فوجی اعزاز کے ساتھ ادا

شہیدوں کا خون وطن کی بقا اور سلامتی کی ضمانت ہے، شرکائے جنازہ

بنڈ داخان (مرفراز عباس) تحصیل بنڈ داخان کے نواحی گاؤں موضع جگیاں سے تعلق رکھنے والے پاک فوج کے بہادر جوان شہید طیب رمضان کی نماز جنازہ آج بتاریخ قبرستان میں فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں پاک فوج کے اعلیٰ افسران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، صحافیوں، وکلا، علما کرام، علاقہ معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر فضا "پاک فوج زندہ باد "اور "شہید طیب رمضان امر رہے (بقیہ نمبر 2)

توشہ خانہ ٹو کیس کی تبدیل ساعت منسوخ کر دی گئی

راولپنڈی (این ایس این) توشہ خانہ ٹو کیس سے متعلق اہم پیشرفت سامنے آگئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں توشہ خانہ ٹو کیس جیل ساعت بدل کو منسوخ کر دی گئی، توشہ خانہ ٹو کیس استغاثہ کے دلائل کے لئے مقرر تھا۔ توشہ خانہ ٹو کیس میں شہادت طلب ہو چکی ہے۔

سیلیون پاکستان کی سرمایہ کاری سے پاکستانی معیشت میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (این ایس این) سیلیون پاکستان سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی ایف کی معاونت سے سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سہولت اور شفافیت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آسٹفورڈ اکنامکس کی رپورٹ کے مطابق سیلیون پاکستان کی 2024 میں معیشت میں 27 ارب روپے کی شراکت نمایاں ہے۔ آکسفورڈ اکنامکس کی رپورٹ کے مطابق کھوکھر ٹیکسٹائل کی موجودگی میں، عالمی پائپائی کمپنیز میں پیش کی گئی۔ واضح رہے آکسفورڈ اکنامکس عالمی اقتصادی تجزیے اور (بقیہ نمبر 3)

دھرنوں اور سڑکوں کی بندش نے ایک اور گھر اجاڑ دیا

بیٹی کا شکار نوجوان نوجوان بروقت علاج نہ ہونے سے جاں بحق

پنجاب حکومت اور مظاہرین سے سوال ذمہ دار کون؟، اہل علاقہ

چوآ سیدن شاہ (خادم شہزادسے) ذرائع کے مطابق عمار حیدر ولد عظمت عباس، تحصیل چوآ سیدن شاہ سکنہ منہال، تقریباً پندرہ روز سے ڈینگی بخار میں مبتلا تھا۔ اہلی خانہ کے مطابق نوجوان کو حالت بگڑنے پر فوری طور پر ڈی ایچ کیو اسپتال پکھوال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی علاج کے باوجود طبیعت سنبھل نہ سکی۔ ذرائع کے مطابق مریض (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور افغانستان میں جنگ کو ختم کرانے کی کوشش کروں گا

یوکرین جنگ ختم نہ ہوئی تو یوکرین کو ٹوماہاک میزائل بھیج سکتا ہوں، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (این ایس این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ کا ساتھ ہے جسے حل کرنے کی کوشش کروں گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ڈمپ شرق وسطیٰ کے دورے پر روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں جنگ ختم ہوگئی یوکرین جنگ ختم نہ (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، سی پی او سید خالد ہمدانی کی قیادت میں پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ

دونوں استعفوں پر میرے مستند دستخط ہیں، علی امین گنڈاپور

8 اکتوبر کا استعفیٰ جسے پہلے مسترد کر دیا گیا تھا اب تسلیم کر لیا گیا ہے، بیان

پشاور (این ایس این) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ دونوں استعفوں پر میرے مستند دستخط ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 8 اکتوبر کا استعفیٰ جسے پہلے مسترد کر دیا گیا تھا اب تسلیم کر لیا گیا ہے، بیان میں کہا کہ 8 اکتوبر کا استعفیٰ جسے پہلے مسترد کر دیا گیا تھا اب تسلیم کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں استعفوں پر میرے مستند دستخط ہیں۔

وزیر امور انسانی شجاع الرحمٰن، سینیٹر شکار ورد و دیگر رکن پنجاب اسمبلی طارق گل کے بیٹے کی سوئم پر سروں میں شریک ہیں

کوٹھہ کلاں میں گندگی کے ڈھیر، آرڈیلیو ایم سی کا عملہ غائب

بدبو اور تعفن سے شہریوں کا گزرنا محال، وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ

عوامی و سماجی حلقوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عمیرالرحمن سے) راولپنڈی کے علاقہ کوٹھہ کلاں میں صفائی کی ابتر صورتحال نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر اور کچرے سے بھرے ڈرم تعفن پھیلا رہے ہیں، جبکہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا عملہ کئی روز سے منظر عام سے غائب ہے۔ تفصیلات کے مطابق شی ٹی روڈ سے متصل چالیس ہزار (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، چار روز بعد سڑکیں اور تعلیمی ادارے کھل گئے

اسلام آباد اور راولپنڈی کی تمام رابطہ سڑکیں، دکانیں اور تجارتی مراکز بھی کھل گئے

راولپنڈی (این ایس این) راولپنڈی میں 4 روز بعد تعلیمی ادارے کھل گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی کی تمام رابطہ سڑکیں بھی کھول دی گئیں۔ راولپنڈی مری روڈ کو تمیں اور تجارتی مراکز بھی کھل گئے جبکہ مری روڈ سے ٹیکسلا آباد جانے والا راستہ بند رہا، راولپنڈی اسلام آباد میٹرو بس سروس بھی بند رہی جبکہ راولپنڈی اسلام آباد میں موبائل فون اور ڈیٹا سروسز بحال ہو گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق آئی جی پی روڈ، ڈبل روڈ، اکسپریس وے کو فریک کے لیے بحال کر دیا گیا جبکہ بنجہ مری روڈ سے ٹیکسلا آباد جانے والا راستہ بند رہا، راولپنڈی روڈ تا بلخو اپنے نیور راستہ کھول دیا گیا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

حقوق کسان ریلی جماعت اسلامی سندھ کا احتجاجی دھرنا

دھان کی فی من قیمت چار ہزار مقرر کرنے کا مطالبہ، نقلی بیج و کھاد کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کسانوں کے مسائل حل نہ ہوئے تو احتجاجی تحریک مزید تیز کی جائے گی، رہنماؤں کا اعلان

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھکوٹ کی ریلی ٹاور چوک سے شروع ہو کر ڈی سی آفس کے سامنے ایک بڑے احتجاجی دھرنے میں تبدیل ہوگئی۔ دھرنے میں جماعت اسلامی کندھ کوٹ کے رہنما ظفر مصطفیٰ میرانی سیت جماعت اسلامی کندھ کوٹ کی جانب سے "حقوق کسان ریلی" کا انعقاد کیا گیا جس کی قیادت امیر جماعت اسلامی سندھ کاشت سعید شیخ، رہنما ظفر مصطفیٰ میرانی سیت مقامی عہدیداروں، کسانوں، ہاریوں، مزدوروں، ماہیگیروں اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے (بقیہ نمبر 6)

کندھ کوٹ امیر جماعت اسلامی سندھ کاشت سعید شیخ اور رہنما ظفر مصطفیٰ میرانی کسانوں کے حقوق کے لیے احتجاجی دھرنے کی قیادت کر رہے ہیں۔ شرکاء ہاتھوں میں بینرز اٹھائے اپنے مطالبات کے حق میں نعرے لگا رہے ہیں

سینیٹر انوشہ رحمان کو وزیراعلیٰ کی سینئر مشیر مقرر کر دیا گیا، نوٹیفیکیشن جاری

لاہور (این ایس این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینیٹر انوشہ رحمان خان کو وزیراعلیٰ پنجاب کی سینئر مشیر مقرر کر کے باضابطہ نوٹیفیکشن بھی جاری کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب ڈاکٹر ثاقب زمان کی جانب سے سینیٹر انوشہ رحمان خان کے بطور سینئر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب تقرری کا نوٹیفیکشن جاری کیا گیا۔ سینیٹر انوشہ رحمان خان کو سیکشن 17(2) کے تحت تعینات کیا گیا ہے۔

پاک افغان کشیدگی کے باعث چمن بارڈر دوسرے روز بھی بند رہا

چمن (این ایس این) پاک افغان کشیدگی کے بعد چمن بارڈر پر دوسرے روز بھی عمل بند رہا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افغان سرحدی بنڑش کے باعث آمدورفت بند رہی، سرحد پر سکیورٹی کے انتظامات بدستور سخت رہی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مطابق 11 اور 12 اکتوبر کی رات پاک افغان سرحد کے قریب افغان طالبان اور بھارتی ایما پر فتنہ الخوارج کے جانب سے عسکریت کیا۔ آئی ایس پی آر کے پاک فوج کی جانب سے سرحد پر بزدلانہ حملوں کا منہ توڑ جواب دیا گیا، پاک (بقیہ نمبر 9)

گورنر خیبر پختونخوا نے وزیراعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی قرار دیدیا

جب تک علی امین کا استعفیٰ منظور نہیں ہوتا وزیراعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی تصور ہوگا

پشاور (این ایس این) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیراعلیٰ کے انتخاب غیر آئینی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک علی امین کا استعفیٰ منظور نہیں ہوتا وزیراعلیٰ کا انتخاب غیر آئینی تصور ہوگا۔ گورنر خیبر پختونخوا میں نئے کابینہ کا حلف اٹھانے کے لیے (بقیہ نمبر 7)

موبائل بینکنگ ایپس صارفین کی تعداد ساڑھے 9 کروڑ سے زیادہ ہوگئی

انٹرنیٹ بینکنگ استعمال کرنے والوں کی تعداد 1 کروڑ 70 لاکھ ریکارڈ

لاہور (سی ایس این) پاکستان میں کیش لیس اکانومی کے فروغ کی جانب پیشرفت جاری ہے۔ موبائل بینکنگ ایپس صارفین کی تعداد ساڑھے 9 کروڑ سے زیادہ ہوگئی۔ ایک کروڑ 77 لاکھ پاکستانی انٹرنیٹ بینکنگ پورٹل استعمال کر رہے ہیں۔ ملک (بقیہ نمبر 8)

سہیل آفریدی خیبر پختونخوا کے نئے وزیراعلیٰ منتخب، اپوزیشن کا بائیکاٹ

سہیل آفریدی 90 ووٹ لے کر قائد ایوان منتخب ہوئے، مدمقابل امیدوار کو ایک ووٹ نہ لے سکے، تمام جماعتوں نے حصہ لیا، بیلٹ بکس بھی خالی ملے، عبداللہ کا حصہ نہیں بنتا چاہیے، عبداللہ کی گفتگو

پشاور (این ایس این) پاکستان تحریک انصاف کے نامزد امیدوار سہیل آفریدی خیبر پختونخوا کے نئے وزیراعلیٰ منتخب ہو گئے، ان کا مدمقابل کوئی امیدوار کوئی ووٹ حاصل کر سکا جبکہ تین ارکان ملک سے باہر ہونے کے باعث اپنا ووٹ کاسٹ استعمال نہ کیے۔ اپوزیشن نے اس انتخاب کو غیر قانونی غیر آئینی قرار دیتے ہوئے اس کا مکمل بائیکاٹ کیا۔ تحریک انصاف کے نامزد امیدوار سہیل آفریدی 90 ووٹ لے کر قائد ایوان منتخب ہوئے، اپوزیشن جماعتوں کا احتجاج مکمل طور پر بائیکاٹ کیا۔ بیلٹر کے (بقیہ نمبر 2)

سرگودھا، شادی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی

سرگودھا (این ایس این) شادی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان شدید زخمی ہو گیا جس پر فائرنگ کرنے والے نے خود کو گولی مار لی اور جاں بحق ہو گیا جس کی ضمن ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے سپرد کر دی گئی اور پولیس شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا رنگین کے علاقہ میانوالی چک 8 ڈی بی میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے نوجوان تفتیش کے شدید زخمی ہونے پر فائرنگ کرنے والے نوجوان (بقیہ نمبر 2)

101 افراد کے اثاثوں کے بارے میں محکمہ مال سے رپورٹ طلب

مانا فوال (این ایس این) قومی احتساب بیورو نے ترقیاتی کاموں کے نام پر ایک سو اسی روپے کی مبینہ طور پر خرد برد کی شکایت پر محکمہ مال کے متعدد افسروں اور کئی کھیتے داروں کے خلاف تحقیقات کا دائرہ کار بڑھا دیا ہے اور 101 افراد کے اثاثوں کے بارے میں محکمہ مال سے رپورٹ طلب کر لی۔ ذرائع کے مطابق نیب کی طرف سے محکمہ مال کو ایک مراسلہ بھیجا گیا ہے کہ نیب آرڈیننس کے سیکشن 19 کے تحت مقتل شوہ اکیسین پیک ہیلتھ (بقیہ نمبر 4)

جسٹس (ر) جنید غفار کمپٹیشن ایپلٹ ٹریبونل کے چیئرمین مقرر

جسٹس (ر) سجاد علی شاہ 13 اگست 2025 کو 68 سال کی عمر مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے تھے

کراچی (سی ایس این) وفاقی حکومت نے سندھ ہائی کورٹ کے سابق چیف جسٹس (ریٹائرڈ) محمد جنید غفار کو کمپٹیشن ایپلٹ ٹریبونل کا چیئرمین تعینات کر دیا۔ کمپٹیشن ایپلٹ ٹریبونل ایک قانونی ادارہ ہے جو کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلوں کے خلاف داخر اپیلوں کی سماعت کرتا ہے۔ اس سے قبل کمپٹیشن ایپلٹ ٹریبونل کے چیئرمین جسٹس (ر) سجاد علی شاہ 13 اگست 2025 کو 68 سال کی عمر مکمل ہونے پر ریٹائر ہو گئے تھے جنہیں 25 (بقیہ نمبر 3)

لاہور: دہرہ دالی کے علاقہ میں مذہبی جماعت کے مشتعل کارکنوں نے ایل ڈبلیو ایم کی کار کو نذر آتش کیا ہوا ہے

پاک افغان کشیدگی پر بھارت کا فیک پروپیگنڈا بے نقاب

بھارتی میڈیا نے جعلی تصاویر کے ذریعے میرے خلاف جھوٹا بیانیہ پھیلایا، عادل داؤد

کراچی (سی ایس این) پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی کے دوران بھارت کا گودی میڈیا ایک بار پھر جھوٹ نے پروپیگنڈے میں مرگرم ہو گیا۔ بھارتی میڈیا نے اے آئی کے ذریعے جعلی ویڈیوز اور تصاویر بنا کر پاکستان کے خلاف منفی مہم شروع کر دی۔ بھارتی جنتر منتر شمالی وزیرستان کے شہری عادل داؤد کو فیک پروپیگنڈا کرتے ہوئے جھوٹا دعویٰ کیا کہ وہ پاک افغان سرحد پر کارروائی کے دوران شہید ہو گئے تاہم عادل داؤد نے (بقیہ نمبر 2)

پاکوان فائیو پر ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والے ملزمان پابند سلاسل

گشت پر معمور تھانہ گوجر خان کے اے ایس آئی محمد ظریف نے حالات واقعات مشکوک جانتے ہوئے بوگس کال کر کے موقع سے گرفتار کیا

ملزمان بڑی میں لڑکی کو بلیک میل کر کے ملنا چاہتے تھے محلے داروں کے شور کرنے پر موٹر سائیکل چھوڑ آئے اور مجموعی واردات کا ڈرامہ رچایا

گوجر خان (قمر شہزاد) دن فائیو ایمرجنسی سٹیشن نمبر پر پولیس کال کرنے والے ملزمان کو پولیس تھانہ گوجر خان کے حوالے کر دیا گیا۔ ملزمان کو پولیس گراف ایکٹ کے تحت مقدمہ نمبر 1241/25 تھانہ گوجر خان میں درج کر کے باقاعدہ سلاسل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان کے ایس آئی محمد ظریف اور ہم گشت پر معمور تھے کہ دن فائیو پر موصول ہونے والی کال پر فوری رسپانس دیتے ہوئے موقع پر پہنچے جہاں موجود دن فائیو کا رکاشف علی ولد شفقت علی سکنہ سیداں اور اسکے دوست (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ پنجاب سے مرکز تبلیغی جماعت کے شوریٰ ارکان کی ملاقات

رائے ونڈ جانے والے راستوں پر فوری پیج ورک اور تین روز کی فوری تعمیر و مرمت کا حکم

سرگودھا (این ایس این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مرکز تبلیغی جماعت کے شوریٰ ارکان ڈاکٹر ندیم اشرف، مولانا امجد فاروق، مولانا محمد امیر، امتیاز احمد غنی اور ارشد نے ملاقات کی جس میں وزیراعلیٰ نے رائیونڈ اجتماع کے لیے تمام ہنگامی بھیجیں فراہم کرنے اور بہترین انتظامات کے ساتھ ڈی سی، سی پی او، ڈی ٹی آئی جی اور دی ایم او کو خود رائیونڈ جانے کی ہدایت کی اس موقع پر وفد نے وزیراعلیٰ کے عوامی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اور ان کو کامیابی کے لیے خصوصی دعائیں کروائی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے رائے ونڈ اجتماع کے لیے تمام تر انتظامات کرنے اور بہترین انتظامات کے ساتھ ڈی سی، سی پی او، (بقیہ نمبر 6)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

Free .com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035